# 12-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیوں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت صرف ملازمتیں پیدا کرنے تک محدود نہیں بلکہ نوجوانوں کو خودکفیل بنانے پر بھی زور دے رہی ہے تاکہ وہ روزگار فراہم کرنے والے بن سکیں۔

۲۔سپریم کورٹ کے چیف جسٹس بی آر گوئی نے کہا کہ ہندوستان عدالتی نظام منفرد چیلنجس کا سامنا کر رہا ہے اور اس میں فوری اصلاحات کی ضرورت ہے۔

۳۔ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ و بہبودی پسماندہ طبقات پونم پربھاکر نے آج اعلان کیا کہ ریاستی حکومت روڈ سیفٹی کیلئے سخت اقدامات کرے گی، جن میں سنگین حادثات کی صورت میں ڈرائیونگ لائسنس کی منسوخی بھی شامل ہے۔

اور

۴۔سکندرآباد میں سری اجین مہانکالی مندر میں بونال تقاریب کل منائی جائیں گی۔

## HYDERABAD - SC CJI:

سپریم کورٹ کے چیف جسٹس بی آر گوئی نے کہا کہ ہندوستان عدالتی نظام منفرد چیلنجس کا سامنا کر رہا ہے اور اس میں فوری اصلاحات کی ضرورت ہے۔ حیدرآباد میں نلسار یونیورسٹی آف لا کے 22 ویں سالانہ کانوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس گوئی نے کہا کہ اگرچہ ہمارا عدالتی نظام اصلاحات کا متقاضی ہے، لیکن وہ پُر امید ہیں کہ ان کے ہم وطن ان چیلنجس سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور اس کا عدالتی نظام ایسے منفرد چیلنجس کا سامنا کر رہا ہے، جن میں مقدمات میں تاخیر شامل ہے، جو بعض اوقات کئی دہائیوں تک چلتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کچھ معاملات میں تو ملزم کو برسوں بعد بے گناہ قرار دیا جاتا ہے۔ انہوں نے فارغ التحصیل طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ ایسے رہنماؤں کو اپنا آئیڈیل بنائیں جو طاقت کے لیے نہیں بلکہ دیانت داری کے لیے جانے جاتے ہوں۔ وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی اور سپریم کورٹ کے جج جسٹس پی ایس نرسمہا نے بھی اس کانوکیشن میں شرکت کی۔ اس موقع پر کارگزار چیف جسٹس تلنگانہ ہائی کورٹ جسٹس سُجائے پال نے صدارت کی۔

## CHHATTISHGARH - MAOISTS :

چھتیس گڑھ کے ضلع سکما میں 23 ماؤنوازوں جن میں 9 خواتین بھی شامل ہیں، نے پولیس کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے۔ ضلع پولیس سپر نٹنڈنٹ کرن چوان نے بتایا کہ ان افراد پر ایک کروڑ 18 لاکھ روپے کے انعامی رقم کا اعلان کیا گیا تھا۔ ان ماؤنوازوں کو حکومت کی بازآبادکاری پالیسی کے تحت چیک، رہائش اور دیگر سہولیات دی جائیں گی تاکہ وہ نئی زندگی شروع کرسکیں۔

## AIR INDIA CRASH REPORT

مرکزی وزیر برائے شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو نے گزشتہ ماہ پیش آئے ایرانڈیا حادثہ پر اے آئی بی کی ابتدائی رپورٹ پر ردعمل دیتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ حتمی رپورٹ آنے تک کوئی نتیجہ اخذ نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ رپورٹ صرف ابتدائی معلومات پر مبنی ہے۔ مملکتی وزیر برائے شہری ہوابازی مرلی دھر موہول نے بھی کہا کہ 15 صفحات پر مشتمل اس ابتدائی رپورٹ کی بنیاد پر کوئی نتیجہ اخذ کرنا مناسب نہیں ہوگا۔

## LAXMAN

بی جے پی ایم پی اور او بی سی مورچہ کے قومی صدر ڈاکٹر لکشمن نے کانگریس اور بی آر ایس پر الزام لگایا کہ وہ پسماندہ طبقات کے معاملے پر دہرے پالیسی اپنا رہے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب کانگریس کا بل صدر جمہوریہ کے پاس زیر التوا ہے تو ریاستی حکومت نے آرڈیننس کیوں لایا؟ انہوں نے کہا کہ یہ مرکز کو بدنام کرنے کی کوشش ہے۔ لکشمن نے دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس اور بی آر ایس دونوں پارٹیاں بی سیز کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ جات مقامی انتخابات میں 42 فیصد ریزرویشن کی ریاستی کابینہ کی قرارداد، بی سیز کو دھوکہ دینے کے سوا کچھ نہیں ہے۔

## WEATHER

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج کہا کہ ریاست کے تمام اضلاع کے چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش اور بجلی گرنے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ ان علاقوں میں سطح زمین پر تیز ہوائیں بھی چلنے کا امکان ہے۔ جنوب مغربی مانسون اس وقت تلنگانہ میں کمزور حالت میں ہے۔

VIKSIT BHARAT

مرکزی وزیر کوئلہ و کان کنی جی کشن ریڈی نے آج سکندرآباد کے ریل کلارنگ میں 16 ویں روزگار میلہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے وِکست بھارت 2047 کے ویژن میں ہندوستان کے نوجوانوں کا کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی حکومت اب تک 10.5 لاکھ سرکاری ملازمتیں روزگار میلوں کے ذریعہ فراہم کرچکی ہے۔ وزیر نے کہا کہ حکومت صرف ملازمتیں پیدا کرنے تک محدود نہیں بلکہ نوجوانوں کو خودکفیل بنانے پر بھی زور دے رہی ہے تاکہ وہ روزگار فراہم کرنے والے بن سکیں۔

SOUND BYTE

وزیر موصوف نے بتایا کہ 1.60 لاکھ اسٹارٹ اپس نے اب تک 17.6 لاکھ ملازمتیں پیدا کی ہیں، خاص طور پر چھوٹے شہروں میں، اور 1,000 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل کی گئی ہے۔ کشن ریڈی نے حالیہ تعینات ہونے والے سرکاری ملازمین کو تلقین کی کہ وہ اپنے والدین، اساتذہ اور ملک کی خدمت کو یاد رکھیں اور ایمانداری و ذمہ داری کے ساتھ اپنی خدمات انجام دیں۔

TODDY

نمس حیدرآباد نے اطلاع دی ہے کہ کوکٹ پلی کی ایک دکان سے ملاوٹی تاڑی پی کر بیمار ہونے والے 30 مریضوں کا علاج جاری ہے۔ ہاسپٹل کے مطابق ان میں سے 10 مریض طبی طور پر مستحکم ہیں اور جلد ہی ڈسچارج کردئے جائیں گے۔ کل پانچ مریضوں کو ڈسچارج کردیا گیا اور باقی کو مکمل طبی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں۔ ہاسپٹل کے مطابق کم ازکم پانچ افراد کی موت ملاوٹی تاڑی پینے سے ہوچکی ہے۔

LEAD SURRENDER

سی پی آئی (ماؤسٹ) کے مختلف درجہ کے نصف درجن کیڈر بھدراچلم ضلع پولیس کے سامنے ہتھیار ڈال کر پرامن زندگی گزارنے کے لئے تیار ہوگئے۔ ضلع پولیس سپرنٹنڈنٹ روہت راجو نے بتایا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے قبائلیوں کیلئے چلائی جارہی فلاحی اسکیموں اور آپریشن چیوتا جیسے پروگراموں کے تحت ان ماؤنوازوں نے ہتھیار ڈالے۔ رواں سال اب تک سی پی آئی (ماؤسٹ) کے 300 کیڈر ضلع پولیس کے سامنے ہتھیار ڈال چکے ہیں جن میں 4 ڈی وی سی ایم، 19 اے سی ایم، 37 پی ایم، 107 ملیشیا ممبران اور 35 آر پی سی ممبران شامل ہیں۔

BONALU

سکندرآباد میں سری اجین مہانکالی مندر میں بونال تقاریب کل منائی جائیں گی۔ان تقاریب کے تحت وزیراعلیٰ ریونت ریڈی مہانکالی دیوی کی عقیدت میں ریشمی لباس چڑھائیں گے۔ بونال تقاریب کا اختتام پیر کو جلوس پر ہوگا۔خواتین بونم پیش کریں گی۔حیدرآباد سٹی پولیس نے مندر کے 2 کلومیٹر کے دائرے میں ٹریفک پر پابندی عائد کردی ہے تاکہ عوام کی حفاظت اور سہولت کو یقینی بنایا جاسکے۔ 1600 سے زائد پولیس ملازمین سکیورٹی کیلئے تعینات کیے گئے ہیں۔دریں اثنا، گورنر جیشنو دیوورما اپنی اہلیہ سدھا دیوورما کے ساتھ سری اجین مہانکالی مندر پہنچے اور خصوصی پوجا کی۔گورنر کا استقبال بی سی ویلفیئر وزیر پونم پربھاکر اور مندر کے پجاریوں نے کیا۔

BC

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ و بہبودی پسماندہ طبقات پونم پربھاکر نے آج اعلان کیا کہ ریاستی حکومت روڈ سیفٹی کیلئے سخت اقدامات کرے گی،جن میں سنگین حادثات کی صورت میں ڈرائیونگ لائسنس کی منسوخی بھی شامل ہے۔وزیر نے کہا کہ اب تمام گاڑیوں پر ریف لیکٹر ریڈیم اسٹیکرز لگانا لازمی قرار دیا جائے گا اور ریاست بھر میں ڈرائیونگ ٹریننگ مراکز قائم کیے جارہے ہیں۔وزیر نے یہ بات نلگنڈہ ضلع کے دندام پلی میں اے ٹی سی کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے کہی۔

GOUD

پی سی سی سربراہ مہیش کمار گوڑ نے واضح کیا کہ تلنگانہ حکومت کی جانب سے ادارہ جات مقامی انتخابات میں بی سی طبقات کے لیے 42 فیصد ریزرویشن دینے کا آرڈیننس تاریخی فیصلہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کی تاریخ میں صرف کانگریس پارٹی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے بی سی طبقات کو 42 فیصد ریزرویشن فراہم کیا۔مہیش کمار گوڑ نے بی آر ایس پارٹی پر بی سی طبقہ کے ساتھ غیر مخلص ہونے کا الزام بھی لگایا۔

Cricket

ہندوستان نے انگلینڈ کے خلاف لارڈس میں کھیلے جارہے تیسرے ٹسٹ کے تیسرے دن آج لنچ کے وقفہ تک چار وکٹ کھوکر 248 رنس بنائے۔اس طرح ٹیم انڈیا انگلینڈ کے پہلی اننگز کے اسکور 387 رنس سے ہنوز 139 رنس پیچھے ہے۔ وقفہ سے پہلے ریشبھ پنت 74 رنس بناکر رن آؤٹ ہوئے جبکہ کے ایل راہول 98 رنس پر ناٹ آؤٹ ہیں۔ان دونوں کے درمیان چوتھی وکٹ کیلئے 140 رنس کی رفاقت ہوئی۔